قومی احتساب بیورو

(اسلام آباد)

****

Dated: 27th January, 2025

پریس ریلیز

ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے وفد کی چیئرمین نیب سے ملاقات: شفافیت اور اچھی حکمرانی کے لیے تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال

ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل (ٹی آئی) کے چیئرمین مسٹر فرانسوا ویلیرین (Francois Valerian) کی قیادت میں چار رکنی وفد نے 27 جنوری 2026 کو نیب ہیڈکوارٹرز میں چیئرمین قومی احتساب بیورو (نیب) لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، شفافیت، احتساب اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات پر گفتگو کی گئی۔

ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے وفد میں جسٹس (ر) ضیاء پرویز، ایڈووکیٹ دانیال مظفر اور مسٹر کاشف علی شامل تھے۔ نیب کے ڈپٹی چیئرمین سہیل ناصر اور دیگر اعلیٰ افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

ملاقات کے دوران بدعنوانی کے خلاف اقدامات، ادارہ جاتی اصلاحات اور احتساب و اچھی حکمرانی کے فروغ کے لیے قومی اداروں اور بین الاقوامی سول سوسائٹی کے درمیان تعاون کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ بدعنوانی ایک عالمی مسئلہ ہے کیونکہ یہ قانون کی حکمرانی اور عوامی اعتماد کو نقصان پہنچاتی ہے۔ لہٰذا اس سے نمٹنے کے لیے قومی اور بین الاقوامی سطح پر مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں

چیئرمین نیب نے وفد کو نیب میں کی جانے والی اہم اصلاحات سے آگاہ کیا، جن میں ڈیجیٹل نظام، مصنوعی ذہانت کی مدد سے تحقیقات، بلاک چین تجزیہ اور ڈیجیٹل فارنزک شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان اصلاحات کے نتیجے میں سال 2025 کے دوران 62 کھرب روپے کی ریکارڈ برآمدگیاں ہوئیں جبکہ گزشتہ تین برسوں میں مجموعی برآمدگیاں 115 کھرب روپے تک پہنچ گئی۔

انہوں نے نیب کے عوام دوست اقدامات پر بھی روشنی ڈالی جن میں علاقائی دفاتر میں سہولت سینٹر، احتساب و کاروباری سہولت مراکز، گواہوں کے تحفظ کا نظام اور کھلی کچہریوں کا انعقاد شامل ہے۔ اس سال کے دوران جعلی ہاؤسنگ اور سرمایہ کاری اسکیموں سے متاثرہ 115,587 افراد کو ریلیف فراہم کیا گیا۔ مزید برآں، برآمد کی گئی رقوم کی مالیت برقرار رکھنے کے لیے منافع بخش اکاؤنٹس کا آغاز بھی ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔

چیئرمین نیب نے کہا کہ اگرچہ بدعنوانی سے متعلق عالمی اشاروں کو اہمیت دی جاتی ہے، تاہم نیب کی توجہ نتائج پر مبنی نظام پر ہے جس میں اثاثوں کی برآمدگی اور بڑے مقدمات میں کامیاب کارروائیاں شامل ہیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ نیب اور ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل باہمی تعاون سے مستند اعداد و شمار کے تبادلے کے ذریعے زیادہ درست اور حقائق پر مبنی جائزے تیار کر سکتے ہیں۔

مسٹر فرانسوا ویلیریئن اور اس کی ٹیم نے نیب کی اصلاحاتی کوششوں اور بین الاقوامی بدعنوانی مخالف معاہدوں پر عملدرآمد کو سراہا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نیب اور ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے درمیان مسلسل رابطہ پاکستان میں دیانت داری اور اچھی حکمرانی کے فروغ میں مزید مددگار ثابت ہوگا۔

ملاقات کے اختتام پر دونوں فریقین نے باہمی روابط، استعداد کار میں اضافے اور تعمیری تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا تاکہ بدعنوانی کے خلاف عالمی تصور کے مطابق دیانت داری کا کلچر پروان چڑھایا جا سکے۔